تمام لوگ نماز ادا کریں۔ ملک پر اللہ کی رحمت ہو اور جو پاکستان پر خطرات منڈلا رہے ہیں اس سے ملک محفوظ ہو سکے۔

مرزائیت کی تبلیغ پر قادیانیوں کو گرفتار کیا جائے

ملتان (۲۵/اگست) مجلس احرار اسلام ملتان کے رہنماؤں شیخ نذیر احمد اور شیخ حسین اختر لدھیانوی نے مطالبہ کیا ہے کہ تھانہ ممتاز آباد کے علاقہ میں مقیم سجاد احمد اور اس کے بھائی محمد اکبر نامی دونوں مرزائیوں کے خلاف مرزائیت کی تبلیغ کے جرم میں مقدمہ کر کے فوری گرفتار کیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ محلّہ پیر بخاری میں مذکورہ دونوں مرزائیوں نے کھلے عام مرزائیت کی تبلیغ شروع کر رکھی ہے، جس سے علاقے کے مسلمانوں میں شدید اشتعال پھیل رہا ہے۔ ایک طویل عرصہ سے دونوں مرزائی اپنے آپ کو مسلمان باور کراتے ہوئے سادہ لوح مسلمانوں میں مرزائیت کا لٹریچر تقسیم کر رہے ہیں۔ اہل محلّہ نے قانونی کارروائی کرتے ہوئے گزشتہ سال ۲۰۰۳ء میں ایک درخواست بسلسلہ جرم ۲۹۸۔سی' سید نجیب احمد بنام سجاد احمد مرزائی مقامی عدالت میں دائر کی مگر ایک سال گزرنے کے باوجود آج تک مقدمہ درج نہیں ہوا جبکہ مذکورہ قادیانی کھلے عام دندناتے پھرتے ہیں۔ جامعہ صدیقیہ پیر بخاری کالونی کے مہتمم مولانا عبدالغفور اور سید نجیب احمد نے مسلسل کئی مراسلوں کے ذریعے گورنر پنجاب، ڈی سی او اور ڈی پی او ملتان کو ملزمان کی گرفتاری کی اپیل کی مگر انتظامیہ تاحال مقدمہ درج کرنے سے گریزاں ہے۔ احرار رہنماؤں نے مقامی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ مذکورہ مرزائیوں کے خلاف فوری طور پر مقدمہ درج کر کے انہیں گرفتار کر کے قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔

مسافرانِ آخرت

☆ حضرت مولانا عبدالرشید رحمہ اللہ (مہتمم جامعہ رشیدیہ ساہیوال)

☆ ممتاز صحافی جناب حافظ شفیق الرحمٰن کے والد محترم عزیز الرحمٰن مرحوم (لاہور)

☆ ہمارے دیرینہ کرم فرما جناب منیر احمد (لاہور) کی اہلیہ مرحومہ (۱۰/اگست ۲۰۰۴ء)۔ ان کی نماز جنازہ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری نے مسجد شہداء لاہور میں پڑھائی۔

☆ مولانا عبدالستار جھنگوی (سابق استاذ الحدیث، مدرسہ معمورہ، دار بنی ہاشم ملتان) کی والدہ مرحومہ۔ ۱۴/اگست ۲۰۰۴ء

☆ چچازاد بہن محمد یٰسین شاد (ملتان۔ ۳۱/جولائی ۲۰۰۴ء) ☆ ہمشیر مرحومہ حاجی محمد ثقلین کھیڑا (ملتان)

احباب وقارئین سے ایصالِ ثواب اور دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

دعائے صحت

☆ حافظ محمد کفایت اللہ (حاصل پور) ☆ شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی (ملتان) ☆ محمود الحسن ساجد (میراں پور، میلسی)

احباب وقارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔